سوال

(157)مسند حمیدی اور رفع یدین

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

مسند الحمیدی (نسخہ دیوبندیہ تحقیقی الا عظمی) میں سیدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ سے ترک رفع یدین کی جو روایت منسوب ہے اور جسے بعض "محقق" قسم کے "علماء" رفع یدین کے خلاف پیش کرتے ہیں: مثلاً سرفراز خان صفدر صاحب دیوبندی۔ (دیکھئے خزائن السنن ج 2ص 99)

آپ نے "نورالقمرین" وغیرہ میں متعدد دلائل سے یہ ثابت کیا ہے کہ نسخہ دیوبندیہ کی روایت محرف ہے اور صحیح روایت وہی ہے جو کہ نسخہ ظاہریہ وغیرہا میں موجود ہے'جس میں رفع یدین کا اثبات ہے۔ جزاکم اللہ خیرا

کیا آپ کے علم میں یہی روایت حدیث کی کسی دوسری کتاب میں امام حمیدیؒ کی سند کے ساتھ موجود ہے؟ (ایک سائل)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حافظ ابو نعیم الصبہانیؒ (متوفی 430ھ) کی کتاب "المسند المستخرج علی صحیح الامام مسلم" میں امام حمیدی کی یہی روایت اثبات رفع یدین کے ساتھ موجود ہے (دیکھئے ج ص 12 مطبوعہ عباس احمد الباز مکة المکرمہ)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ

جلد1۔کتاب الصلاة۔صفحہ353

محدث فتویٰ